# MUHAMMAD'S SWORD

# محمد ﷺ کی تلوار

URI AVENRY

Marfat.com

# محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار

## URI AVENRY

ترجمہ

عزیز الدین خضری

ناشر

سیرت و نعت ریسورس سینٹر

Marfat.com

نام کتاب: محمد ﷺ کی تلوار

مترجم: عزیزالدین خضری

صفحات: ۲۴

اشاعت: ۲۰۰۷ء

قیمت: ۲۰روپے

# ناشر

**Seerat & Naat Resource Center**

Head Office: B-50,Sector 11-A Narth Karachi-75850. Karachi

Fax No: 021-4661103 Cell No. 0301-8200277

Branch Office: 33-Model Town Hakeem Khadim Ali Rood

Sialkot, Panjab, Pakistan.

E-Mail: info-snrc@ yahoo.com

www.naatrang.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ابتدائیہ

کچھ عرصے پہلے پوپ بنی ڈاکٹ نے جرمن یونیورسٹی میں ایک تحریر کے دوران اسلام اور پیغمبر اسلام علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں نازیبا اور تاریخی اعتبار سے خلافِ حقایق باتیں کی تھیں۔ ان باتوں کے جواب میں عالم اسلام کے دانشوروں نے بہت کچھ لکھا، لیکن آج ہم آپ کے سامنے پوپ کی اس تقریر کے جواب میں لکھے گئے ایک مضمون کا متن اور اس کا اردو ترجمہ پیش کررہے ہیں۔

جسے ایک اسرائیلی دانشور اور اسرائیلی تحریک گش شلوم کے سربراہ ایونزو نے لکھا ہے میری نظر میں یہ مضمون اسلام اور پیغمبر اسلام کے بارے میں ہرزہ سرائی کرنے والوں اور ان کے جھوٹے اعتراضات کے خلاف ایک زندہ گواہی ہے۔

ایک ایسی گواہی جو مشرق و مغرب کے تمام ذی شعور اور غیر متعصب دانشوروں کی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی ہے۔

مجھے امید ہے کہ قارئین کرام ہماری اس کاوش کو بنظر استحسان دیکھیں گے۔

والسلام

محمد رفیق

(چیئرمین)

Marfat.com

# MOHAMMAD'S (PBUH) SWORD

## محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تلوار

پوپ بنی ڈکٹ ہشت دہم جارج بش کی خدمت میں

BY URI AVENRY

ترجمہ: عزیز الدین خضری

## Text

Since the days when Roman Emperors threw Christians to the lions, the relations between the emperors and the heads of the church have undergone many changes.

Constantine the Great, who became Emperor in the year 306 - exactly 1700 years ago - encouraged the practice of Christianity in the empire, which included Palestine. Centuries later, the church split into an Eastern (Orthodox) and a Western (Catholic) part. In the West, the Bishop of Rome, who acquired the title of Pope, demanded that the Emperor accept his superiority.

The struggle between the Emperors and the Popes played a central role in European history and divided the peoples. It knew



Marfat.com

ups and downs. Some Emperors dismissed or expelled a Pope, some Popes dismissed or excommunicated an Emperor. One of the Emperors, Henry IV, "walked to Canossa", standing for three days barefoot in the snow in front of the Pope's castle, until the Pope deigned to annul his excommunication.

But there were times when Emperors and Popes lived in peace with each other. We are witnessing such a period today. Between the present Pope, Benedict XVI, and the present Emperor, George Bush II, there exists a wonderful harmony. Last week's speech by the Pope, which aroused a world-wide storm, went well with Bush's crusade against "Islamofascism", in the context of the "Clash of Civilizations".

IN HIS lecture at a German university, the 265th Pope described what he sees as a huge difference between Christianity and Islam: while Christianity is based on reason, Islam denies it. While Christians see the logic of God's actions, Muslims deny that there is any such logic in the actions of Allah.

As a Jewish atheist, I do not intend to enter the fray of this debate. It is much beyond my humble abilities to understand the logic of the Pope. But I cannot overlook one passage, which concerns me too, as an Israeli living near the fault-line of this "war of civilizations".

In order to prove the lack of reason in Islam, the Pope asserts that the prophet Muhammad ordered his followers to spread their religion by the sword. According to the Pope, that is



Marfat.com

unreasonable, because faith is born of the soul, not of the body. How can the sword influence the soul?

To support his case, the Pope quoted - of all people - a Byzantine Emperor, who belonged, of course, to the competing Eastern Church. At the end of the 14th century, the Emperor Manuel II Palaeologus told of a debate he had - or so he said (its occurrence is in doubt) - with an unnamed Persian Muslim scholar. In the heat of the argument, the Emperor (according to himself) flung the following words at his adversary:

"Show me just what Mohammed brought that was new, and there you will find things only evil and inhuman, such as his command to spread by the sword the faith he preached".

These words give rise to three questions: (a) Why did the Emperor say them? (b) Are they true? (c) Why did the present Pope quote them?

WHEN MANUEL II wrote his treatise, he was the head of a dying empire. He assumed power in 1391, when only a few provinces of the once illustrious empire remained. These, too, were already under Turkish threat.

At that point in time, the Ottoman Turks had reached the banks of the Danube. They had conquered Bulgaria and the north of Greece, and had twice defeated relieving armies sent by Europe to save the Eastern Empire. On May 29, 1453, only a few years after Manuel's death, his capital, Constantinople (the present Istanbul) fell to the Turks, putting an end to the Empire



Marfat.com

that had lasted for more than a thousand years.

During his reign, Manuel made the rounds of the capitals of Europe in an attempt to drum up support. He promised to reunite the church. There is no doubt that he wrote his religious treatise in order to incite the Christian countries against the Turks and convince them to start a new crusade. The aim was practical. theology was serving politics.

In this sense, the quote serves exactly the requirements of the present Emperor, George Bush II. He, too, wants to unite the Christian world against the mainly Muslim "Axis of Evil". Moreover, the Turks are again knocking on the doors of Europe, this time peacefully. It is well known that the Pope supports the forces that object to the entry of Turkey into the European Union.

IS THERE any truth in Manuel's argument?

The pope himself threw in a word of caution. As a serious and renowned theologian, he could not afford to falsify written texts. Therefore, he admitted that the Qur'an specifically forbade the spreading of the faith by force. He quoted the second Sura, verse 256 (strangely fallible, for a pope, he meant verse 257) which says: "There must be no coercion in matters of faith".

How can one ignore such an unequivocal statement? The Pope simply argues that this commandment was laid down by the prophet when he was at the beginning of his career, still weak and powerless, but that later on he ordered the use of the



Marfat.com

sword in the service of the faith. Such an order does not exist in the Qur'an. True, Muhammad called for the use of the sword in his war against opposing tribes - Christian, Jewish and others - in Arabia, when he was building his state. But that was a political act, not a religious one; basically a fight for territory, not for the spreading of the faith.

Jesus said: "You will recognize them by their fruits." The treatment of other religions by Islam must be judged by a simple test: How did the Muslim rulers behave for more than a thousand years, when they had the power to "spread the faith by the sword"?

Well, they just did not.

For many centuries, the Muslims ruled Greece. Did the Greeks become Muslims? Did anyone even try to Islamize them? On the contrary, Christian Greeks held the highest positions in the Ottoman administration. The Bulgarians, Serbs, Romanians, Hungarians and other European nations lived at one time or another under Ottoman rule and clung to their Christian faith. Nobody compelled them to become Muslims and all of them remained devoutly Christian.

True, the Albanians did convert to Islam, and so did the Bosniaks. But nobody argues that they did this under duress. They adopted Islam in order to become favorites of the government and enjoy the fruits.

In 1099, the Crusaders conquered Jerusalem and massacred



Marfat.com

its Muslim and Jewish inhabitants indiscriminately, in the name of the gentle Jesus. At that time, 400 years into the occupation of Palestine by the Muslims, Christians were still the majority in the country. Throughout this long period, no effort was made to impose Islam on them. Only after the expulsion of the Crusaders from the country, did the majority of the inhabitants start to adopt the Arabic language and the Muslim faith - and they were the forefathers of most of today's Palestinians.

THERE IS no evidence whatsoever of any attempt to impose Islam on the Jews. As is well known, under Muslim rule the Jews of Spain enjoyed a bloom the like of which the Jews did not enjoy anywhere else until almost our time. Poets like Yehuda Halevy wrote in Arabic, as did the great Maimonides. In Muslim Spain, Jews were ministers, poets, scientists. In Muslim Toledo, Christian, Jewish and Muslim scholars worked together and translated the ancient Greek philosophical and scientific texts. That was, indeed, the Golden Age. How would this have been possible, had the Prophet decreed the "spreading of the faith by the sword"?

What happened afterwards is even more telling. When the Catholics re-conquered Spain from the Muslims, they instituted a reign of religious terror. The Jews and the Muslims were presented with a cruel choice: to become Christians, to be massacred or to leave. And where did the hundreds of thousand of Jews, who refused to abandon their faith, escape? Almost all



Marfat.com

of them were received with open arms in the Muslim countries. The Sephardi ("Spanish") Jews settled all over the Muslim world, from Morocco in the west to Iraq in the east, from Bulgaria (then part of the Ottoman Empire) in the north to Sudan in the south. Nowhere were they persecuted. They knew nothing like the tortures of the Inquisition, the flames of the auto-da-fe, the pogroms, the terrible mass-expulsions that took place in almost all Christian countries, up to the Holocaust.

WHY? Because Islam expressly prohibited any persecution of the "peoples of the book". In Islamic society, a special place was reserved for Jews and Christians. They did not enjoy completely equal rights, but almost. They had to pay a special poll-tax, but were exempted from military service - a trade-off that was quite welcome to many Jews. It has been said that Muslim rulers frowned upon any attempt to convert Jews to Islam even by gentle persuasion - because it entailed the loss of taxes.

Every honest Jew who knows the history of his people cannot but feel a deep sense of gratitude to Islam, which has protected the Jews for fifty generations, while the Christian world persecuted the Jews and tried many times "by the sword" to get them to abandon their faith.

THE STORY about "spreading the faith by the sword" is an evil legend, one of the myths that grew up in Europe during the great wars against the Muslims - the reconquista of Spain by the



Marfat.com

Christians, the Crusades and the repulsion of the Turks, who almost conquered Vienna. I suspect that the German Pope, too, honestly believes in these fables. That means that the leader of the Catholic world, who is a Christian theologian in his own right, did not make the effort to study the history of other religions. ..'

Why did he utter these words in public? And why now?

There is no escape from viewing them against the background of the new Crusade of Bush and his evangelist supporters, with his slogans of "Islamofascism" and the "Global War on Terrorism" - when "terrorism" has become a synonym for Muslims. For Bush's handlers, this is a cynical attempt to justify the domination of the world's oil resources. Not for the first time in history, a religious robe is spread to cover the nakedness of economic interests; not for the first time, a robbers' expedition becomes a Crusade.

The speech of the Pope blends into this effort. Who can foretell the dire consequences?



Marfat.com

# ترجمہ

اس زمانے سے جب رومی شہنشاہوں نے عیسائیوں کو شیروں کے سامنے پھینکا، شہنشاہوں اور کلیسا کے سربراہوں کے درمیان بہت سی تبدیلیاں وقوع پذیر ہوئیں۔

آج سے سترہ سو سال پہلے کانسٹنٹائن اعظم نے جو ۳۰۶ء میں شہنشاہ بنا اپنی سلطنت بشمول فلسطین میں عیسائی عقیدے کی ترویج کی ہمت افزائی کی۔ صدیوں بعد کلیسا مشرقی (راسخ العقیدہ) اور مغربی (کیتھولک) حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ مغرب میں رومی پادری نے جس نے پوپ کا لقب اختیار کیا، بادشاہ سے اپنی برتری کا مطالبہ کیا۔

شہنشاہ اور پوپ کے درمیان نزاع نے یورپ کی تاریخ میں مرکزی کردار ادا کیا اور عوام میں تفریق پیدا کر دی۔ اس میں اس کے نشیب و فراز واضح ہیں۔ کچھ بادشاہوں نے پوپ کو معزول کیا اور کچھ پادریوں نے شہنشاہ کو مطعل یا برادری سے خارج کیا۔ ایک شہنشاہ ہنری چہارم ننگے پیر برف میں تین دن تک پوپ کے محل کے سامنے کھڑا رہا، یہاں تک کہ پوپ نے اس کا اخراج منسوخ کرنے کی عنایت فرمائی۔

لیکن ایسا دور بھی آیا جب شہنشاہ اور پوپ میں ہم آہنگی پیدا ہوئی، ایسا ہی دور ہم آج بھی دیکھ رہے ہیں۔ موجودہ پوپ بنی ڈکٹ ہشتد ہم اور موجودہ شہنشاہ جارج بش دوم کے درمیان ایک حیرت انگیز ہم آہنگی نظر آتی ہے۔ پوپ کی گذشتہ ہفتے کی تقریر جس نے دنیا بھر میں ایک ہنگامے کی صورت اختیار کر لی جو بش کی اسلامی فسطائیت کے خلاف جنگ تہذیبوں کے درمیان نزاع کے تناظر میں بہت موزوں ثابت ہوئی۔

ایک جرمن یونیورسٹی میں دو سو پینسٹھویں پوپ نے اپنے وعظ میں کہ وہ عیسائیت اور اسلام کے درمیان کون سا بڑا فرق محسوس کرتے ہیں، بیان کیا کہ عیسائیت عقل اور دلائل پر مبنی ہے جب کہ اسلام اس سے انکاری ہے۔ عیسائی خدائی عمل کی منطق پر نظر رکھتے ہیں جب کہ مسلمان اللہ کے



Marfat.com

کاموں میں ایسے کسی استدلال کونہیں مانتے۔

ایک یہودی ملحد کی حیثیت سے میں اس بحث کے جھگڑے میں پڑنا نہیں چاہتا۔ میری ناچیز صلاحتیں پوپ کی منطق سمجھنے سے قاصر ہیں، پھر بھی میں ایک اقتباس سے جو تہذیبوں کی جنگ کے مخدوش کنارے پر بسنے والے ایک اسرائیل کی حیثیت سے مجھ سے بھی متعلق ہے، صرف نظر نہیں کر سکتا۔

اسلام میں عقل وخرد کے فقدان کو ثابت کرنے کے لیے پوپ نے جتایا کہ پیغمبر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنے ماننے والوں کو حکم دیا کہ اپنے دین کو پھیلانے کے لئے تلوار کا استعمال کرو۔ پوپ کے مطابق یہ بات نامعقول ہے کیونکہ ایمان کا تعلق روح سے ہے نہ کہ جسم سے۔ تلوار روح کو کس طرح متاثر کر سکتی ہے۔

اپنے موضوع کے دفاع میں، سب کو چھوڑ کر، پوپ نے بازنطینی شہنشاہ کا حوالہ دیا جو دراصل مشرقی چرچ کے معاندین میں سے تھا۔ کہا جاتا ہے کہ چودھویں صدی کے اختتام پر شہنشاہ مینول دوم پالیولوگس نے ایک بے نام ایرانی مسلمان دانشور سے ایک مباحثہ (جب کہ اس کا وقوع ہی مشتبہ ہے) میں کہا۔ مباحثے کی گرما گرمی میں بادشاہ نے (اس کے اپنے ہی مطابق) جھلا کر اپنے مخالف سے درج ذیل الفاظ کہہ ڈالے:

بھلا دکھاؤ تو مجھے کہ محمد کون سی چیز لائے جو نئی تھی حالآں کہ وہاں تو تم صرف وہ کچھ پاؤ گے جو ضرر رساں اور غیر انسانی ہیں جیسے کہ ان کی یہ ہدایت کہ اس عقیدے کی جس کی وہ تبلیغ کرتے ہیں اسے تلوار کے ذریعے پھیلایا جائے۔

ان الفاظ سے تین سوالات ابھرتے ہیں:

الف۔ شہنشاہ نے ایسا کیوں کہا؟

ب۔ کیا وہ مبنی برحقیقت ہیں؟

ج۔ موجودہ پوپ نے ان کا حوالہ کیوں دیا؟

مینول دوم نے اپنا مقالہ اس وقت تحریر کیا جب وہ ایک فنا ہوتی ہوئی سلطنت کا سربراہ تھا۔ وہ ۱۳۹۱ء میں برسر اقتدار آیا جب کہ ایک ممتاز سلطنت کے صرف چند صوبے باقی بچے تھے۔ وہ بھی ترکی کی یلغار کے خطرے کے تحت تھے۔



Marfat.com

اس وقت عثمانی ترک دریائے ڈینیوب کے ساحل تک پہنچ گئے تھے۔ انھوں نے بلغاریہ اور یونان کے شمال تک فتح کرلیا تھا اور یورپ کی طرف سے مشرقی سلطنت کو بچانے کے لئے بھیجی گئی فوجی کمک کو دو بار شکست سے دو چار کر چکے تھے۔ ۲۹ رمئی ۱۴۵۳ء کو مینول کی موت کے چند سال بعد ہی اس کا دار السلطنت قسطنطنیہ (موجودہ استنبول) ترکوں کے قبضے میں چلا گیا۔ یوں اس سلطنت کا جو ایک ہزار سال سے زائد قائم رہی خاتمہ ہو گیا۔

اپنی حکمرانی کے دوران مینول دوم نے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے یورپ کے صدر مقامات کے چکر کاٹے۔ اس نے چرچ کو متحد کرنے کے وعدے کئے، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس نے اپنے مذہبی مقالے عیسائی مملکتوں کو ترکوں کے خلاف ہرانگیختہ کرنے اور ان کو نئی صلیبی جنگ شروع کرنے کی غرض سے لکھے تھے۔ منصوبہ قابل عمل تھا، مذہبیت کو سیاست کے لئے بروئے کار لانا تھا۔

اس لحاظ سے اقتباس موجودہ شہنشاہ جارج بش دوم کی مقصد براری کے عین مطابق ہے۔ وہ خود بھی عیسائی دنیا کو مسلمان ''برائی کے محور'' کے خلاف متحد کرنا چاہتا ہے۔ مزید برآں ترک دوبارہ یورپ کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں اس بار پرامن انداز میں، یہ نہایت واضح طور پر آشکارا ہے کہ پوپ ان قوتوں کا پشت پناہ ہے جو یورپی یونین میں ترکی کے داخلے کے خلاف ہیں۔

کیا مینول کی دلیل میں کوئی صداقت بھی ہے؟

پوپ نے خود ہی حفاظتی تدبیر کر چھوڑی ہے۔ ایک سنجیدہ اور معروف فاضل دینیات ہونے کے ناتے وہ ایک تحریری عبارت کو جھٹلانے کی جسارت نہ کر سکتے تھے۔ اسی وجہ سے انھوں نے تسلیم کیا کہ قرآن نے واضح طور پر عقیدے کو بزور قوت پھیلانے سے منع کیا ہے۔ اس نے دوسری سورت کی آیت ۲۵۶ (ایک پوپ کے لئے تعجب خیز لغزش جب کہ اس کی مراد آیت ۲۵۷ تھی) جس میں کہا گیا ہے کہ ''دین کے معاملے میں کوئی زور زبردستی نہ ہونا چاہئے''۔

کس طرح کوئی اس غیر مبہم بیان کو نظر انداز کر سکتا ہے؟ پوپ بڑی سادہ لوحی سے قائل کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ پیغمبر نے یہ حکم ربانی اپنے منصب کے آغاز میں نافذ کیا تھا (۱) جب کہ

---

۱۔ استدلال بے سر دیا ہے، سورت ۲، البقرہ مدینہ منورہ میں منصب نبوت کے اقتدار کے دور میں نازل ہوئی تھی جس میں یہ حکم موجود ہے۔ جب کہ بدر کے میدان میں بے سروسامانی اور ہتھیاروں کی قلت کے باوجود اپنے سے کئی گناہ بڑے لشکر کو زیر کر چکے تھے۔ (مترجم)



Marfat.com

وہ ابھی کمزور اور قوت سے محروم تھے لیکن بعد میں عقیدے کی ترویج کے لئے تلوار کے استعمال کا حکم دیا۔ جب کہ اس قسم کا کوئی حکم قرآن میں موجود نہیں ہے۔ یہ درست ہے کہ محمد جب مملکت کی تعمیر کر رہے تھے تو انہوں نے عرب میں متحارب قبائل، نصاریٰ اور یہود کے ساتھ جنگ میں تلوار استعمال کرنے کی اجازت دی۔ یہ ایک سیاسی نہ کہ مذہبی اقدام تھا جو کہ بنیادی طور پر حصولِ علاقے کی جنگ تھی نہ کہ دین پھیلانے کے لئے۔

عیسیٰ نے کہا ''تم انھیں ان کے پھلوں کے ذریعے شناخت کرلو گے'' اسلام کا دوسرے مذاہب کے ساتھ برتاؤ کا فیصلہ ایک بہت آسان پیمانے سے کیا جا سکتا ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے ایک ہزار سال سے زائد عرصے تک کیا رویہ رکھا؟ جب کہ ان کے پاس دین کو تلوار کے ذریعے پھیلانے کی قوت موجود تھی۔

حقیقت تو یہی ہے کہ انھوں نے ایسا نہیں کیا۔

کئی صدیوں تک مسلمانوں نے یونان پر حکومت کی۔ کیا یونانی مسلمان ہو گئے؟ کیا کسی نے بھی انھیں اسلامی لبادہ پہنانے کی کوشش کی؟ اس کے برعکس عیسائی یونانیوں کے پاس عثمانی عمل داری میں اعلیٰ ترین عہدے تھے، بلغارین، سرب، رومی، ہنگری والے اور دوسری یورپی اقوام کسی نہ کسی دور میں عثمانی حکمران کے تحت رہنے کے باوجود اپنے عقیدے سے جڑے رہے، کسی نے انھیں مسلمان ہونے کے لئے مجبور نہیں کیا اور ان میں کے سب کے سب اپنے عیسائی عقیدے پر دل جمعی کے ساتھ جمے رہے۔

یہ سچ ہے کہ البانیوں نے اسلام قبول کیا اور اسی طرح بوسنیا والوں نے لیکن کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ انھوں نے ایسا جبر کے تحت کیا۔ انھوں نے ایسا محض حکومت کے منظورِ نظر بننے اور فوائد حاصل کرنے کے لیے کیا۔

۱۰۹۹ء میں صلیبیوں نے یروشلم فتح کیا اور مسلمانوں اور یہودیوں کا بلاتفریق بڑے پیمانے پر زعم خو عیسیٰ کے نام پر قتل عام کیا۔ جب کہ فلسطین چار سو سال تک مسلمانوں کے قبضے میں رہا پھر بھی عیسائی ملک میں اکثریت میں رہے، اس پورے طویل عرصے میں ان پر اسلام قبول کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ صرف صلیبیوں کو ملک سے نکال پھینکنے کے بعد وہاں کے باشندوں کی اکثریت نے خود عربی زبان اور مسلمانوں کا عقیدہ اختیار کرنا شروع کیا اور یہی آج کے بیشتر فلسطینیوں کے



Marfat.com

اجداد تھے۔

کہیں بھی ایسی کوئی مثال موجود نہیں ہے کہ یہودیوں پر زبردستی اسلام قبول کرنے کی ادنیٰ سی کوشش کی گئی ہو۔ یہ بالکل آشکارا ہے کہ مسلم حکمرانی کے دوران اسپین کے یہودیوں نے بڑی عیش کی کہ جس کی مثل یہودیوں نے آج تقریباً ہمارے دور تک کہیں بھی ویسے مزے نہیں اڑائے۔ یہودا ہلوے جیسے شاعر نے عربی میں لکھا اسی طرح عظیم میمونیڈز نے کیا۔ (۲) مسلم اسپین میں یہودی وزیر، شاعر اور سائنسداں تھے۔ مسلم تولیدو (۳) میں عیسائی، یہودی اور مسلمان دانشوروں نے باہمی اشتراک سے قدیم یونانی فلسفے اور سائنسی مسودات کے ترجمے کئے، یہ درحقیقت ایک سنہرا دور تھا۔ یہ کیوں کر ممکن ہو سکتا تھا اگر پیغمبر اسلام نے تلوار کے ذریعے دین پھیلانے کا حکم دیا ہوتا؟

بعد میں جو کچھ وقوع پذیر ہوا وہ تو کہیں زیادہ واضح ہے۔ جب کتھولک مذہب کے پیروکاروں نے مسلمانوں سے دوبارہ اسپین کو اپنے قبضے میں لے لیا، تو انھوں نے دہشت گردی کا بازار گرم کر دیا۔ یہودیوں اور مسلمانوں کو ایک نہایت ظالمانہ انتخاب پیش کیا گیا کہ عیسائیت قبول کرلو، قتل عام کے لئے تیار ہو جاؤ یا پھر بھاگ جاؤ، پھر لاکھوں یہودی جنھوں نے اپنا عقیدہ چھوڑنے سے انکار کیا، کہاں فرار ہوئے؟ ان میں سے تمام کے تمام کو کھلے بازوؤں سے مسلم ممالک میں خوش آمدید کہا گیا۔ سفاردی (اسپین کے) یہودیوں نے دنیائے اسلام میں مغرب میں مراکش سے لے کر مشرق میں عراق، شمال میں بلغاریہ (جو اس وقت خلافت عثمانیہ کا حصہ تھا) جنوب میں سوڈان تک سکونت اختیار کی، انھیں کہیں بھی تنگ نہیں کیا گیا۔ انھیں کہیں بھی انکیوزیشن (Inquisition) (۴) جیسی ذہنی و جسمانی اذیت سے سابقہ نہ پڑا، نہ آٹوڈافے

---

۲۔ موسیٰ بن میمون معالج اور فلاسفر جو ۱۱۳۵ء میں اسپین میں پیدا ہوا اور ۱۲۰۴ء میں انتقال کیا۔ (مترجم)

۳۔ وسطی اسپین میں دریائے ٹاگس کے کنارے شہر جو مسلمانوں کا ۱۰۸۵ء سے ۱۵۶۰ء تک ادبی مرکز اور صدر مقام رہا۔ (مترجم)

۴۔ رومن کیتھولک چرچ کی طرف سے قائم کردہ تفتیشی عدالتیں جو براہ راست پوپ کے تحت تھیں ان میں مسلمہ کلیسائی عقیدے کے خلاف کچھ کہنے پر سزائیں اخراج سے لے کر آگ کے ذریعے جلا کر ہلاک کرنا تک شامل تھا۔ اسپین میں یہودی اس کے شکار رہے اور ایسے ایسے مظالم ڈھائے گئے کہ ہٹلر کے مظالم بھی شرمائیں۔



Marfat.com

(Auto-da-fe)(۵) کے شعلے بھڑکائے گئے، نہ پوگرومز (Pogromr)(۶) نہایت بھیانک اجتماعی اخراج جوتقریباً تمام عیسائی ممالک سے ہوا اور نہ ہولوکاسٹ (Holoiaust)(۷) ہوا کیوں؟ اس لئے کہ اسلام سختی سے نہایت واضح طور پر اہل کتاب کو اذیت دینے سے منع کرتا ہے۔ اسلامی برادری میں یہودیوں اور عیسائیوں کے لئے ایک خصوصی مقام مقرر کیا گیا تھا، اگرچہ وہ بالکل مساوی حقوق سے توفیق یاب نہ ہوتے تھے۔ انھیں ایک خاص ٹیکس (۸) ادا کرنا ہوتا تھا، وہ فوجی خدمات سے مستثنیٰ تھے، یہ ایک ایسا صلہ تھا جو بیشتر یہودیوں کے لئے پسندیدہ تھا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مسلمان حکمران یہودیوں کو شریفانہ طریقہ سے بھی اسلام قبول کرنے کی ترغیب پر غضب ناک ہوتے تھے، کیوں کہ اس کے سبب مالیانے کا نقصان ہوتا تھا۔

ہر سچا یہودی جو اپنی قوم کی تاریخ سے واقف ہے، اسلام کے لئے نہایت گہرے احسان مندی کے جذبات رکھے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس نے یہودیوں کی پچاس نسلوں کی حفاظت کی ہے جب کہ عیسائی دنیا نے ایذائیں دیں اور متعدد بار تلوار کے ذریعے سے ان کا عقیدہ چھڑوانے کی کوشش کی۔

تلوار کے ذریعے سے دین پھیلانے کی کہانی ایک گڑھی ہوئی بدترین روایت ہے، ایک ایسا غیر حقیقی قصہ جو یورپ میں مسلمانوں کے خلاف بڑی جنگوں، عیسائیوں کی اسپین کی بازیابی، صلیبی مہموں اور ترکوں کی، جو تقریباً ویانا کو فتح کر چکے تھے، پسپائی کے دوران وضع کیا گیا۔ مجھے شبہ ہے کہ جرمن پوپ بھی ایمانداری سے ان افسانوں پر یقین کرتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کیتھولک دنیا کا سرکردہ جو اپنے ذاتی استحقاق میں عیسائی مذہب کا عالم ہے، اس نے دیگر مذاہب کی تاریخ کا مطالعہ کرنے کی کوشش نہیں کی۔

---

۵۔ انکوزیشن عدالتوں کے فیصلوں کے اعلان کے اجتماعات جن میں یہودیوں کو سخت ترین آگ میں جلانے تک سزائیں دی جاتی تھیں۔

۶۔ روس، پولینڈ اور جرمنی میں یہودیوں کی بے جواز سزا رسانی کے مراکز

۷۔ جرمنی میں ہٹلر کے دور میں اجتماعی کیمپس میں کہا جاتا ہے کہ سولہ ملین یہودیوں کی سخت ترین مظالم میں ہلاکت ہوئی۔

۸۔ جزیہ



Marfat.com

اس نے ایسے الفاظ عوامی اجتماع میں کیوں کہہ ڈالے؟ اور ایسے موقع پر ہی کیوں؟

(پوپ کے ان الفاظ کو) بش اور اس کے اوانجلسٹ (Evangelist) (۹) معاونین کے نئی صلیبی جنگ کے ساتھ ''اسلامی فسطائیت'' کے نعرے اور ''دہشت گردوں کے خلاف عالمی جنگ'' جب کہ ''دہشت گردی'' مسلمانوں کے مترادف بن چکی ہو، دیکھے بغیر مفر نہیں۔ بش کے پالتو بیوپاریوں کی طرف سے دنیا کے تیل کے ذخائر پر تسلط جمانے کو جائز قرار دینے کی یہ ایک جنونی کوشش ہے۔ تاریخ میں یہ پہلی بار نہیں ہوا کہ معاشی مفادات کی تنگی خواہش کو مذہبی لبادہ اڑھا کر چھپایا گیا ہو اور نہ ہی پہلی بار ڈاکوؤں کی مقصد براری کی مہم صلیبی جنگ بنی ہو۔

پوپ کی تقریر انھیں عوامل کا آمیزہ ہے۔ اس کے المناک نتائج کے بارے میں کون پیش گوئی کر سکتا ہے؟

---

۹۔ عیسائیت کی تبلیغ میں سرگرم، عیسیٰ کے کنارے کی بدولت نجات کے عقیدے کے حامی عیسائی۔



Marfat.com

# سیرت ونعت ریسورس سینٹر

## ایک تعارف

محترم قارئین

گلوبل ولیج کا تصور پیغمبر انقلاب ﷺ کی ذات اقدس اوران کی تعلیماتِ مقدسہ کو اپنی زندگیوں کا عنوان بنائے بغیر ممکن ہی نہیں، اولادِ آدم کو اگر ردائے عافیت اور امن دائمی کی تلاش ہے تو اسے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے از سرنو اپنے رشتہ غلامی کو استوار کرنا ہوگا۔ سیدہ آمنہؓ کے لال ﷺ کی تعلیمات مقدسہ کو اپنی سوچوں کا مرکز ومحور بنانا ہوگا۔ سیرت اطہر کی خوشبو سے مشام جاں معطر ہوگا تو ہمارے دائرہ عمل میں روشنی اترے گی، ضمیر کی خلش زندہ ہوگی اور اللہ رب العزت کی تمام مخلوقات کے بنیادی حقوق کی پاسداری کا تصور اجاگر ہوگا۔ نعت، درود وسلام کے پیکر شعری کا نام ہے نعت، سیرتِ اطہر سے اکتسابِ وشعور کا سب سے بڑا وسیلہ ہے۔ اس وسیلۂ جلیلہ سے عطا ہونے والی روشنی کا ہر سطح پر اطلاق اسی صورت میں ممکن ہے کہ ہم تاجدار کائنات ﷺ کی ذاتِ اقدس سے قلبی اور روحانی روابط کو فروغ دیں، اس طرح ہمارے روز وشب کا دامن خیر کی روشنیوں سے بھر جائے گا۔ اورظلم، بربریت اور درندگی کو کلی طور پر اذہانِ انسانی سے ہمیشہ کے لئے رخصت کا حکم نامہ جاری ہوگا۔ یوں عہد نو کے انسان کو امن، سلامتی اور سکون کے لئے دردر بھٹکنا نہیں پڑے گا۔

اس عظیم مقصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ پہلے ہم اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں۔ حضور ﷺ کی دکھی امت جو پہلے ہی ان گنت خانوں میں تقسیم ہو چکی ہے اسے مزید خانوں میں تقسیم ہونے سے بچائیں۔ غیر سیاسی اور غیر مسلکی بنیادوں پر اپنے ملی تشخص کو اجاگر کریں۔ وقت آگیا ہے کہ ہر کلمہ گو کو اپنے سینے سے لگا کر عظمت رفتہ کی بازیابی کے سفر پر نکلا جائے، اگر اب بھی ہم نے ہوش کے ناخن نہ لئے اور اپنی سوچ کی تنگناؤں ہی میں مقید رہے تو اجتماعی خودکشی کے دہانے سے واپسی کے تمام راستے مسدود ہو جائیں گے۔ ہمارے اردگرد اقتصادی اور سیاسی غلامی کا دائرہ مزید تنگ کر دیا جائے گا۔ ہم اپنے بچوں کے لئے



Marfat.com

تازہ ہواؤں کی بھیک مانگیں گے لیکن ہماری ہر استدعا کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا جائے گا۔ آیئے اپنے قول و فعل سے شعور کی بیداری کے موسم کو اپنا مقدر بنائیں۔

ہر زمانہ حضور ﷺ کا زمانہ ہے۔ ہر عہد حضور ﷺ کا عہد ہے۔ آج تک روئے زمین پر ایک بھی ایسی ساعت نہیں اتری جس کو دونوں ہتھیلیوں پر اسم گرامی کے چراغ روشن نہ ہوں۔ قیام پاکستان کے بعد نعتِ حضور ﷺ کی ترویج اور فروغ کے کام میں خوشگوار پیش رفت ہوئی ہے اور اب ہونا بھی چاہئے تھا۔ کیوں کہ تحریک پاکستان اسلامی تشخص کی تلاش ہی کا دوسرا نام ہے۔ نعت کے ساتھ قلبی وابستگی ہر عہد اور ہر دور کی آبرو ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے ان جذباتِ مقدسہ کا رخ سیرت و کردار کی تعمیر و تشکیل کی طرف موڑ دیا جائے۔ حروف نعت کو نور کا پیراہن پہناتے وقت اس کے سر اقدس پر سیرت حضور ﷺ کا مقدس تاج بھی پہنایا جائے اور یوں ذہنوں میں چراغاں کا اہتمام کیا جائے سیرت و نعت سے ہماری وابستگی کا عملی اظہار ہماری زندگیوں میں بھی ہونا چاہئے اور خیر کی راہوں میں مزید اجالا ہونا چاہئے، آیئے ایک قدم آگے بڑھائیں اور شاہرہ عشق کی خاکِ محبت کو اپنے ماتھے کا جھومر بنائیں۔

فکر و عمل کے ان گنت جزیرے ایسے ہیں جو ابھی بے آباد ہیں، ہمیں ان بے آباد جزیروں کو سیرت و نعت کی روشنیوں، رنگوں اور خوشبوؤں کے سرمدی قافلوں کی آمد سے آباد کرنا ہے۔ اس عظیم مقصد کے حصول کے لئے۔

سیرت و نعت ریسورس سینٹر کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ یہ مجوزہ سینٹر سیرت و نعت کے ابلاغ و اظہار کے لامحدود امکانات کی طرف اپنے سفر کا آغاز کر رہا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ عظمت رفتہ کی بازیابی کے اس سفر میں ہمیں آپ کی رفاقت اور معاونت حاصل رہے گی، آپ کی گراں قدر آرا اور تجاویز ہمارے لئے مشعل راہ ثابت ہوں گی۔ یہ کاروانِ محبت قدم سے قدم ملا کر اور ہر قسم کی سیاسی وابستگیوں اور مسلکی تشخصات سے بالاتر ہو کر روشنی کے اس سفر پر روانہ ہو رہا ہے جس کا آغاز غارِ حرا کے سرمدی اجالوں میں لفظ اقرا سے ہوا تھا جن اجالوں میں آقائے محتشم ﷺ کے انفاسِ مقدسہ کی خوشبو رچی بسی ہے۔

نعت جہاں درود و سلام کے پیکر شعری کا نام ہے وہاں سیرت مقدسہ کے جمالیاتی ابلاغ کی بھی آئینہ بردار ہے۔ کائنات حق نبی آخر الزماں ﷺ کی سیرت مقدسہ کی خوشہ چین ہے۔ ارض و سما کا ہر حسن جمالِ مصطفیٰ کی خیرات ہے آقا علیہ السلام کے محاسن و محامد کا تخلیق سطح پر ابلاغ ہو تو نعت ہوتی ہے۔ ممدوحِ رب کائنات کے قدوم پاک پر جذبات عجز و تحسین کے پیراہنوں میں سج دھج کر نثار ہوں تو حریم دیدہ و دل میں چراغاں سا ہونے لگتا ہے اور تحت شعور پر توصیف مصطفیٰ کی رم جھمیں اترنے لگتی ہیں، خوشبوئیں طواف



Marfat.com

قلم میں مصروف ہو جاتی ہیں اور دھنک کے تمام رنگ جوارلوح وقلم میں خیمہ زن ہونے لگتے ہیں۔ شمائل، فضائل، خصائل اور خصائص مصطفیٰ کا ذکر جمیل جب اظہار کی وسعتوں کو اپنے اندر سمیٹتے ہیں تو نعت ہوتی ہے۔ سیرت مقدسہ ہی نعت کا بنیادی ماخذ ہے۔ جدید نعت انسان اور انسان کے مصائب و مسائل کا استغاثہ آقا مکرم ﷺ کی عدالت عظمیٰ میں دائر کر کے نظر کرم کی ملتمس ہوتی ہے۔ اب جدید نعت کے دائرۂ عمل میں مضامین نو کی ایک نئی دنیا آباد نظر آتی ہے۔ نقوش پائے محمد ﷺ پر تاریخ کا سفر آج بھی جاری ہے۔ انہی نقوش روشن کو حریم ناز میں سجانے کی آرزو ہمارے عہد کی بھی آبرو ہے۔ یہ امر ذہن نشین رہے کہ ذہنوں کی تہذیب سیرت و نعت کے حوالوں کو مضبوط بنائے بغیر ممکن ہی نہیں۔

سیرت النبی ﷺ اور نعتِ حضور ﷺ کے حوالے سے اب تک تحقیقی اور تخلیقی سطح پر ہونے والے کام کی عوامی سطح پر تفہیم بھی وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔ سیرت اور نعت کی مختلف کتب کے مختلف زبانوں میں تراجم کر کے پوری دنیا کو اس کائناتی سچائی سے آگاہ کیا جا سکتا ہے کہ اولادِ آدم کو امن و سلامتی کی روشنی صرف اور صرف گنبد خضرا کے سائے تلے در عطا سے عطا ہوگی۔ سیرت اطہر کے پیغام امن کو دائرۂ عمل میں لائے بغیر افقِ عالم پر دائمی امن کی بشارتیں تحریر کرنا ممکن ہی نہیں۔

عہد رسالت مآب ﷺ میں دربارِ رسول کے شعرانے نعت سے دفاعِ اسلام کا کام بھی لیا تھا کیوں کہ دفاع رسول ہی دفاع اسلام ہے اور دفاع اسلام ہی اولادِ آدم کی بقا اور سلامتی کا ضامن ہے۔ نعت خوانی کے حوالے سے پیدا ہونے والی بعض قباحتوں کا قلع قمع بھی ضروری ہے۔ نعت خواں حضرات اور محافلِ نعت کے منتظمین کو خود احتسابی کے عمل کو جاری رکھنا ہوگا۔ انفرادی اور اجتماعی سطح پر احتساب کا عمل ہر شعبۂ زندگی کی طرح اربابِ نعت کے لئے بھی ضروری ہے۔ نعت پڑھتے وقت یہ احساس زندہ رہے کہ ہم بارگاہِ نبوی ﷺ میں کھڑے ہیں اور آقا حضور خود ہماری نعت ساعت فرما رہے ہیں۔ یہاں ذرا سی بھی شوخی سوءِ ادب میں شمار ہوگی۔ سامعین باوضو ہو کر حضوری کی تمام تر کیفیتوں میں ڈوب کر تشریف فرما ہوں تصویر ادب بن جائیں کہ دل کے دھڑکنے کی آواز بھی سنائی نہ دے۔ لیکن بدقسمتی سے ایسا نہیں ہو رہا ہے اس ضمن میں اصلاح احوال کے لئے ہمیں انفرادی اور اجتماعی سطح پر بہت کچھ کرنا ہے۔ ہمارا ثقافتی حوالہ محافل رقص و سرور کی نقالی سے نہیں شہر نبی ﷺ میں درود پڑھتی ساعتوں کے ساتھ روحانی روابط سے مضبوط ہوگا۔ سیرت و نعت ریورس سینٹر انشاء اللہ اس حوالے سے بھی اجتہادی کارنامے سرانجام دے گا، تعلیمی اداروں کو خصوصی اہمیت دی جائے گی کیوں کہ تحریک اسلامی بنیادی طور پر فروغِ علم کی بھی تحریک ہے۔ حقیقی معنوں میں یہی درس گاہیں مجوزہ اہداف نور کی حصول میں ہماری سب سے بڑی معاون ثابت



Marfat.com

ہوں گی۔ سیرت و نعت کے حوالے سے جامعات میں چیئرز کی منظوری، پرائمری سے ایم اے تک کے نصاب میں سیرت و نعت کو شامل کرانا، سیرت و نعت کی کتب پر ہر سال انعامات و اعزازات کا اہتمام کرنا، نعت نگاروں، سیرت نگاروں نعت نگاروں اور نعت خوانوں کے عوامی سطح پر بھرپور تعارف کو یقینی بنانا۔ نعت اور سیرت کے حوالے سے سمینارز، مذاکرے اور مشاعرے منعقد کرانا مجوزہ سینٹر کے اہداف میں شامل ہیں۔ سیرت و نعت کے حوالے سے تحقیقی، تخلیقی کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی، امکانات کی ایک لامحدود دنیا ہمارے سامنے ہے، کاش ہمارے موجودہ تہذیبی اور ثقافتی منظر نامے کے رنگ پر گنبد خضرا کا رنگ غالب آجائے اور ہمارا نظریاتی تشخص پھر سے بحال ہو جائے۔

آپ کی گراں قدر آرا اور تجاویز کا انتظار رہے گا۔ تنقیدی نقطۂ نظر سے ہمارے مجوزہ منصوبے کا جائزہ لیجئے اور قابل عمل مشوروں سے نوازیئے آیئے۔ قدم سے قدم ملا کر خوشبوئے سیرت و نعت کی تلاش میں اپنے سفر کا آغاز کریں۔

رب محمد ﷺ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

آپ کی سرپرستی کے متمنی

محمد رفیق


سید صبیح الدین رحمانی

ریاض حسین چودھری

فضل جیلانی



Marfat.com








نعتیہ ادب کا کتابی سلسلہ

# نعت رنگ

مرتب

صبیح الدین صبیح رحمانی

ہر کتاب ایک جامع مطالعہ

## Seerat & Naat Resource Center

Head Office: B-50, Sector 11-A Narth Karachi-75850. Karachi
Fax No: 021-4661103 Cell No. 0301-8200277
Branch Office: 33-Model Town Hakeem Khadim Ali Rood
Sialkot, Panjab, Pakistan.
E-Mail: info_snrc@ yahoo.com
www.naatrang.com

Marfat.com